Visit of TheRt Hon Dominic Raab MP, Secretary of State for Foreign, Commonwealth and Development Affairs, United Kingdom to India (December 14-17, 2020)

December 15, 2020

برطانیہ کے سکریٹری برائے خارجہ امور، دولت مشترکہ اور ترقیاتی امور عالی جناب ڈومینک راب ایم پی کا ہندوستان کا دورہ (17-14 دسمبر، 2020)

15 دسمبر، 2020

1- برطانیہ کے سکریٹری برائے امور خارجہ، دولت مشترکہ اور ترقیاتی امور، عالی جناب ڈومینک راب ایم پی، 17-14 دسمبر 2020 تک کے لئے ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہیں- جناب راب وہ پہلے وزیر خارجہ ہیں جو کہ وبائی بیماری کے آغاز کے بعد سے دو طرفہ بات چیت کے لئے ہندوستان کا دورہ کر رہے ہیں-

2- بھارتی وزیر خارجہ ڈاکٹر سبرامنیم جیشنکر نے، 15 دسمبر 2020 کو حیدرآباد ہاؤس میں دوطرفہ بات چیت کے لئے آنے والے وزیر خارجہ کی میزبانی کی- برطانیہ کے یورپی یونین کو چھوڑنے اور کووڈ سے متاثرہ دنیا میں بڑی جیوپولیٹکل تبدیلیوں کے تناظر میں، دونوں وزراء نے تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع اور سیکیورٹی، صحت، تعلیم، تحقیق اور جدت، توانائی اور موسمیاتی تبدیلی جیسے متعدد شعبوں میں زیادہ سے زیادہ تعاون کے بے پناہ مواقع کو تسلیم کیا- انہوں نے ہندوستان اور برطانیہ کی شراکت کو اگلی سطح تک بڑھانے کے لئے ایک پرجوش، 360 ڈگری روڈ میپ کو حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا- یہ روڈ میپ جنوری 2021 میں برطانیہ کے وزیر اعظم کے ہندوستان کے آئندہ دورے پر اپنایا جائے گا-

3- برطانیہ کے ساتھ دوطرفہ تجارت میں گذشتہ دہائی میں مستحکم اضافہ ہوا ہے جو کہ 2020-2019 میں 15.48 بلین امریکی ڈالر تک پہنچ چکا ہے- دوطرفہ تجارتی اور معاشی تعلقات کی مکمل امکانات کو استعمال کرنے کے لئے دونوں فریقین نے تجارتی معاہدے پر بات چیت کو جلد آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ ہجرت اور نقل وحرکت کے ایک جامع پارٹنرشپ کے معاہدے کو حتمی شکل دینے کی اہمیت کو بھی تسلیم کیا جو کہ طلباء اور پیشہ ور افراد کی دونوں جہت میں تیز رفتار حرکت کو سہولت فراہم کرسکے-

4- ڈاکٹر ایس جیشنکر اور جناب راب نے باہمی دلچسپی کے متعدد علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا، اور کثیر قطبی دنیا کے ساتھ مشترکہ عزم اور کثیر الجہتی نظام میں اعتماد کو دہرایا- انہوں نے انڈو- پیسیفک خطے میں تعاون کو مضبوط کرنے، دہشت گردی اور راڈیکل انتہا پسندی کا مقابلہ

کرنے اور سائبر، سمندری اور خلائی شعبوں میں ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے تعاون کو مستحکم کرنے کے طریقوں کی تلاش کی۔

5۔ جناب ڈومینک راب دہلی میں وزیر ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی، جناب پرکاش جاوڈیکر اور وزیر تعلیم جناب رمیش پوکھریال سے ملاقات کریں گے۔ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں، وہ بنگلورو کا دورہ کریں گے، جہاں وہ 17 دسمبر 2020 کو کرناٹک کے وزیر اعلی سے ملاقات کریں گے۔

نئی دہلی

15 دسمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.